کتاب میں جا بجا کمپوزنگ کی اغلاط ہیں جو مطالعہ کرنے والے کے لئے تکدرِ خاطر کا باعث بنتی ہیں۔ کتاب مضبوط جلد میں محفوظ کی گئی ہے اور ٹائٹل جاذبِ نظر ہے۔

## (۲)

نام کتاب : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ (اور ان کی خلافت کا پس منظر)
مصنف : قاضی محمد حمید فضلی
ضخامت: 144 صفحات ...... قیمت :100 روپے
ملنے کا پتہ: ☆ ادارہ فیوضات مجددیہ' خانقاہ فضلیہ شیر گڑھ' ضلع مانسہرہ

خلیفہ راشد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی پر یہ ایک تحقیقی تحریر ہے جس میں آپ رضی اللہ عنہ کے سوانح اور فضائل کے ساتھ ساتھ اختلافی امور پر بھی اظہار خیال کیا گیا ہے اور ثابت کیا گیا ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ کی خلافت سچی خلافت تھی جبکہ آپ رضی اللہ عنہ کو غاصب سمجھنے والے صریحاً باطل پر ہیں۔

اس کتاب میں فاضل مصنف نے آپ رضی اللہ عنہ کی خلافت کا پس منظر بیان کرتے ہوئے اس تمام صورتحال کا بے لاگ تجزیہ کیا ہے جو اس وقت پیش آئی۔ جن اصحاب نے فوری طور پر آپ رضی اللہ عنہ کی بیعت کے لئے ہاتھ نہ بڑھایا انہوں نے بھی جلد ہی آپ رضی اللہ عنہ کی خلافت کو تسلیم کر کے دست تعاون دراز کیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے موقع پر اور آپ رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں پیش آنے والے واقعات پر سیر حاصل تبصرہ کیا گیا ہے۔ خاص طور پر ایسے واقعات جن کے بارے میں شکوک و شبہات پائے جاتے ہیں ان کا تفصیلی ذکر کر کے اصل صورت حال واضح کی ہے۔ ان واقعات میں حدیثِ قرطاس' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جنازہ کی کیفیت' آپ رضی اللہ عنہ کا انتخاب' مسئلہ فدک وغیرہ شامل ہیں۔

کتاب میں یارِ غارِ رسول حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے عشق رسول کا جا بجا تذکرہ ہے کہ کس طرح انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلوں اور پسند و ناپسند کو حد درجہ اہمیت دی۔

کتاب میں کمپوزنگ کی اغلاط موجود ہیں۔ ٹائٹل خوشنما اور جلد مضبوط ہے۔

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com